سورۃ کافرون

بِسمِ اللهِ الرَحمنِ الرَحيمِ

خداکے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلۡ یاأَیُّھَاالۡکَافِرُون ﴿۱﴾ لاَ أَعبُدُ ما تَعبُدُونَ ﴿۲﴾ وَلاَ أَنتُمۡ عَابِدُون مَا أَعبُدُ ﴿۳﴾

(اے رسول) کہہ دو کافرو میں انکی عبادت نہیں کرتا جنکی تم عبادت کرتے ہو اور نہ تم اسکی عبادت کرتے ہو جسکی میں عبادت کرتا ہوں اور نہ میں اسکی عبادت

وَلاَأَنا عَابِدٌ مَاعَبَدتُّمۡ ﴿۴﴾ وَلاَأَنتُم عَابِدُون مَاأَعبُدُ ﴿۵﴾ لَکُمۡ دِینُکُم وَلِیَ دِینِ ﴿۶﴾

کرنے والا ہوں جسکی تم عبادت کرتے ہو اور نہ تم اسکی عبادت کرنے والے ہو جسکی میں عبادت کرتا ہوں تمہارے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا دین ہے

سورۃ نصر

بِسمِ اللهِ الرَحمنِ الرَحيمِ

خداکے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

إِذَا جَاءَ نَصرُ اللهِ وَالۡفَتحُ ﴿۱﴾ وَرَأَیتَ النَّاسَ یَدخُلُونَ فِی دِینِ اللهِ أَفوَاجاً ﴿۲﴾ فَسَبِّحۡ

(اے رسول) جب خدا کی مدد اور فتح آجائیگی تو دیکھنا کہ لوگ گروہ در گروہ دین میں داخل ہو رہے ہونگے تم اپنے رب کی

بِحَمدِ رَبِّکَ وَاستَغفِرهُ إِنَّہُ کَانَ تَوَّاباً ﴿۳﴾

حمد کے ساتھ تسبیح کرو اور اس سے بخشش مانگو بے شک وہ بڑا معاف کرنے والا ہے۔

سورۃ توحید

بِسمِ اللهِ الرَحمنِ الرَحيمِ

خداکے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ﴿۱﴾ اللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمۡ يَلِدۡ وَلَمۡ يُولَدۡ ﴿۳﴾ وَلَمۡ يَكُن لَّهُ كُفُواً أَحَدُ ﴿۴﴾

(اے رسول) کہہ دو اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اس کی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ ہی کوئی اس کا ہمسر ہے۔

سورۃ فلق

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلۡ أَعُوذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ﴿۱﴾ مِن شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾

(اے رسول) کہو میں پناہ لیتا ہوں صبح کے مالک کی، اسکی پیدا کی ہوئی ہر چیز کی برائی سے اور اندھیری رات کی برائی سے جب وہ چھا جائے

وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الۡعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾۔

اور پھونک کر گرہیں لگانے والیوں کی برائی سے اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرے

سورۃ ناس

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلۡ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ إِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِن شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ

(اے رسول) کہو میں پناہ لیتا ہوں لوگوں کے رب کی، لوگوں کے بادشاہ کی، لوگوں کے معبود کی، وسوسہ ڈالنے، چھپ جانے

الۡخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِي يُوَسۡوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

والے کی برائی سے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔ جنوں اور انسانوں میں سے۔